# خاتمہ: روزے اور ماہ رمضان مبارک کے آداب

## خاتمہ: روزے اور ماہ رمضان مبارک کے آداب

مسئلہ۹۸۱۔ اگر کوئی شخص مستحب روزہ رکھے تو اس کو اختتام تک پہنچانا واجب نہیں اور جب چاہے اپنا روزہ افطار کرسکتا ہے بلکہ اگر کوئی مومن کھانے کی دعوت دے تو شرعی لحاظ سے اچھا ہے کہ دعوت کو قبول کرکے افطار کرے۔

مسئلہ۹۸۲۔ مستحب ہے کہ روزہ دار افطار سے پہلے نماز مغرب پڑھے لیکن اگر کوئی انتظار کررہا ہو یا خود اس قدر بھوکا ہو کہ نماز کو حضور قلب کے ساتھ ادا نہ کرسکے تو بہتر ہے کہ پہلے افطار کرے لیکن ممکن ہو تو نماز کو وقت فضیلت میں پڑھے۔

مسئلہ۹۸۳۔ ماہ رمضان مبارک کے احترام اور آداب کی رعایت کرتے ہوئے مستحب ہے کہ مندرجہ ذیل افراد مبطلات روزہ سے پرہیز کریں، اگرچہ روزے سے نہ بھی ہوں:

۱۔ اگر مسافر سفر میں روزہ باطل کرنے والا کوئی کام انجام دے اور ظہر سے پہلے وطن میں یا ایسی جگہ پہنچے جہاں دس دن قیام کا قصد رکھتا ہو۔

۲۔ اگر مسافر ظہر کے بعد وطن میں یا ایسی جگہ پہنچے جہاں دس دن قیام کا قصد رکھتا ہو۔

۳۔ اگر بیمار مبطلات روزہ میں سے کسی کو انجام دے اور ظہر سے پہلے ٹھیک ہوجائے۔

۴۔ اگر بیمار ظہر کے بعد ٹھیک ہوجائے۔

۵۔ اگر عورت دن میں حیض یا نفاس سے پاک ہوجائے۔

۶۔ اگر کافر ماہ رمضان کے دوران دن میں مسلمان ہوجائے۔

۷۔ اگر بچہ ماہ رمضان کے دوران دن میں بالغ ہوجائے۔